BRAMPTON Flower City
brampton.ca

fact sheet

موسم سرما کے لیے برامپٹن کے اقدامات

برف باری کی صورت میں سٹی درج ذیل اقدامات اٹھاتا ہے:

✓ **عملہ پہلے مرکزی اور درمیانی سڑکوں کی نمک پاشی اور انہیں صاف کرتا ہے۔** یہ وہ بنیادی سڑکیں ہیں جن پر ٹریفک کا بہت زیادہ بوجھ ہوتا ہے اور یہ برامپٹن ٹرانزٹ/زوم کے روٹ پر یا پیل کے مذہبی یا سرکاری اسکولوں کی آمدورفت میں آتی ہیں۔

✓ **جب مرکزی اور درمیانی سڑکیں صاف ہو جاتی ہیں، تو عملہ مقامی کی سڑکوں پر نمک چھڑکنے کا کام شروع کر دیتا ہے۔** یہ آپ کے محلے کی سڑکیں ہوتی ہیں۔ مقامی سڑکوں پر درج ذیل کام ہوتے ہیں:

- صرف اسی صورت میں ہل چلایا جاتا ہے جب ان پر ایک ہی بار میں کم از کم 5 سینٹی میٹر (2 انچ) برف پڑے۔
- مرکزی سڑکوں کی طرح انہیں کناروں تک صاف نہیں کیا جاتاسڑکوں کو صاف کیے جانے کے بعد بھی زمین پر کچھ برف باقی رہ جانا معمول کی بات ہے۔

✓ **عملہ تفریحی ایسے پارکس اور سائیڈ واکس پر چلنے کے راستوں پر بھی ہل چلاتا ہے اور ریت ڈالتا ہے، جو:**

- مرکزی شاہراہ کے ساتھ ہوں
- برامپٹن ٹرانزٹ/زوم بس کے روٹ کے ساتھ ہوں
- کسی سٹی پارک یا سہولت گاہ کے سامنے ہوں
- آپ کی عقبی باڑ کے پیچھے ہوں
- سڑک کے ساتھ جڑی ہوں (سائیڈ واک اور سڑک کے درمیان گھاس والی بؤلورد نہ ہو)

دیگر تمام سائیڈ واکس جائیداد کے مالکان کی ذمہ داری ہیں۔

برف باری کے اختتام کے بعد عملہ کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ 24 گھنٹے کے اندر تمام سڑکوں، سائیڈ واکس اور پیدل چلنے کے راستوں کو بحال کر دے۔ تاہم، شدید موسمی حالات میں اس کام پر زیادہ وقت بھی لگ سکتا ہے۔

بطور رہائشی آپ درج ذیل طریقوں سے مددگار ثابت ہو سکتے ہیں:

✓ برفباری کے بعد اگلے دن صبح 11 بجے تک اپنے گھر کے سامنے اور ساتھ کی سائیڈ واک کو صاف کر دیں۔
✓ اپنی جائیداد سے برف کو ہٹا کر سڑک یا سائیڈ واک پر نہ پھینکیں۔
✓ کچرا جمع کرنے کے دن، اپنے ڈرائیو وے کے اختتام پر سڑک کے کنارے سے پیچھے بؤلورڈ پر اپنی پیٹیوں کے لیے جگہ خالی کریں۔انہیں سائیڈ واک یا سڑک پر مت رکھیں۔
✓ جب برفباری ہو، تو سڑک پر نمک چھڑکے جانے یا صفائی کیے جانے سے پہلے گاڑی کھڑی نہ کریں۔جب سڑک پر گاڑیاں کھڑی ہوں، تو عملہ درست طریقے سے سڑک کی صفائی نہیں کر سکتا۔

مربوط رہیں!

✓ سردیوں کے متعلق معلومات، بشمول 24/7 برف کو ہٹانے کی صورتحال کے بارے میں تازہ ترین خبروں کے لیے www.brampton.ca/snow ملاحظہ کریں۔
✓ یہ دیکھنے کے لیے برامپٹن پلو ٹریکر استعمال کریں کہ برف ہٹانے کا کام کہاں ہو رہا ہے
✓ ٹوئٹر پر @CityBrampton کو فالو کریں اور فیس بک پر سٹی آف برامپٹن کو لائیک کریں